سوال

(331) کیا موذن کے علاوہ کوئی دوسرا تکبیر کہہ سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا موذن کے سوا کوئی دوسرا شخص تکبیر کہہ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگرچہ تکبیر کہنے کا حق موذن ہی کو حاصل ہے۔ یا جسے وہ اجازت دے یا جسے امام حکم دے، تاہم اگر بلا اجازت کہہ دے، تو جائز ہے۔ عون العبود میں ہے:

واتفقوا أهل العلم فى الرجل يؤذن ويقيم غيره ان ذلك جائز۔ فاختلفوا فى الاولوية فقال أكثرهم لا فرق

(جلد نمبر ۱ ص ۲۰۱) (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۸ ش نمبر ۲۸)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 158

محدث فتویٰ